

Sokolovica
Kurijavo Brdo
Dednac
Pećanci
Gornji Popovci
Donji Popovci
Prolom
Prolomska Banja
Staro Selo (2)
Tovrljane
Numerous water mills
Arbanaška
Bačije
Bubanj
Kačarnak
Budakovac
Pestiš
Novi Selo
Staro Selo (3)
Duboka Dolina
Gornji Statovac
Vlasa
Bogujevac
Šatrica
Srednji Statovac
Donji Statovac
Rgaje
Novi Đurevac
Staro Selo (4)
Stari Đurevac
Statovac Kod Jezera
Rančova Reka
Kruškar
Bregovina
Brickyard
Žitni Potok
Simonovci
Glasovik
Jabučevo
Jovine Livade
Monument
Dragi Deo
Marino Kale
Magaš
Water mill
Shrine
ZLATA 5.0 km


Marfat.com

255
2082

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

# عَزِیزُ المُبتَدِی

60139

ترجمہ

## میزان الصّرف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ وَالۡعَاقِبَۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ۞ واضح ہو کہ جملہ افعال متصرفہ کی تین قسمیں ہیں، ماضی[1] مستقبل[2] حال[3] سوائے ان کے جو کچھ ہے ان ہی سے بنایا گیا ہے۔

۱۔ ماضی۔ اس فعل کو کہتے ہیں جو زمانہ گذشتہ سے متعلق ہو اور اس کا آخر مبنی بر فتحہ ہو (یعنی آخری حرف کے زبر ہو ۱۲) خواہ اسکے حرف کم ہوں یا زیادہ (بجز عارضہ کے) جیسے فَعَلَ، نَعِلَ، فَعُلَ، فَعۡلَلَ، وَضَارَبَ، سَمِعَ، کَرُمَ، بَعۡثَرَ

۲۔ مستقبل۔ اس فعل کو کہتے ہیں جو زمانہ آئندہ سے متعلق ہو اور اس کا آخر مرفوع ہو (یعنی پیش رکھتا ہو ۱۲) (بجز عارضہ کے) جیسے یَفۡعَلُ۔ یَفۡعِلُ۔ یَفۡعُلُ۔ یُفَعۡلِلُ۔ وَیَضۡرِبُ۔ یَسۡمَعُ۔ یَکۡرُمُ۔ یُبَعۡثِرُ

۳۔ حال۔ اس فعل کو کہتے ہیں جو زمانہ موجودہ سے متعلق ہو اور صیغہ حال مثل صیغہ استقبال کے ہے، ان ماضی ومضارع میں ہر ایک سے چودہ[14] کلمے نکلتے ہیں۔ تین[3] مذکر غائب کے۔ تین[3] مؤنث غائب کے۔ تین[3] مذکر حاضر کے، تین[3] مؤنث حاضر کے۔ دو[2] حکایت نفس متکلم کے۔ اول صیغہ حکایت نفس متکلم میں مذکر ومؤنث یکساں ہے۔ دوسرا صیغہ حکایت نفس متکلم میں تثنیہ و جمع مذکر ومؤنث بھی یکساں ہے۔ ان میں سے ہر ایک ماضی ومضارع کی دو[2] قسمیں ہیں۔ معروف[1]، مجہول[2]، اور ان میں سے بھی ہر ایک کی دو[2] قسمیں ہیں۔ اثبات[1]۔ نفی[2]۔

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَعَلَ | کیا اس ایک مرد نے | گذشتہ میں | واحد | مذکر | غائب | اثبات فعل ماضی معروف |
| فَعَلَا | کیا اُن دو مردوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| فَعَلُوا | کیا اُن سب مردوں نے | ″ | جمع | | | |
| فَعَلَتْ | کیا اس ایک عورت نے | ″ | واحد | مؤنث | | |
| فَعَلَتَا | کیا اُن دو عورتوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| فَعَلْنَ | کیا ان سب عورتوں نے | ″ | جمع | | | |
| فَعَلْتَ | کیا تجھ ایک مرد نے | ″ | واحد | مذکر | حاضر | |
| فَعَلْتُمَا | کیا تم دو مردوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| فَعَلْتُمْ | کیا تم سب مردوں نے | ″ | جمع | | | |
| فَعَلْتِ | کیا تجھ ایک عورت نے | ″ | واحد | مؤنث | | |
| فَعَلْتُمَا | کیا تم دو عورتوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| فَعَلْتُنَّ | کیا تم سب عورتوں نے | ″ | جمع | | | |
| فَعَلْتُ | کیا مجھ ایک مرد نے یا مجھ ایک عورت نے | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| فَعَلْنَا | کیا ہم دو مردوں یا ہم دو عورتوں نے یا ہم سب مردوں یا ہم سب عورتوں نے | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

2082



# فصل (۱)

یہ سب جو کہا گیا بحث اثبات فعل ماضی معروف کی تھی۔ اگر مجہول بنانا چاہو تو (ف) فَعَلَ کو ضمّہ دو (ع) فَعَلَ کو کسرہ دو، دو حال ہیں (جب کہ فتح یا ضمہ ہو ۱۲) اور (ل) کلمہ کو اس کی حالت پر چھوڑ دو تو مجہول بن جائے گا۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فُعِلَ | کیا گیا وہ ایک مرد | گذشتہ میں | واحد | مذکر | غائب | اثبات فعل ماضی مجہول |
| فُعِلَا | کئے گئے وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| فُعِلُوْا | کئے گئے وہ سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| فُعِلَتْ | کی گئی وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| فُعِلَتَا | کی گئیں وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| فُعِلْنَ | کی گئیں وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| فُعِلْتَ | کیا گیا تو ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | حاضر | |
| فُعِلْتُمَا | کئے گئے تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| فُعِلْتُمْ | کئے گئے تم سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| فُعِلْتِ | کی گئی تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| فُعِلْتُمَا | کی گئیں تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| فُعِلْتُنَّ | کی گئیں تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| فُعِلْتُ | کیا گیا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| فُعِلْنَا | کئے گئے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

# فصل (۲)

یہ سب جو کہا گیا بحث اثبات فعل ماضی مجہول کی تھی، اگر نفی بنانا چاہو تو مَا نفی کا اس کے اول میں لاؤ ماضی منفی ہوجائے گا اور مَا نفی کا لفظ ماضی میں کچھ عمل نہیں کرتا۔ لفظ مذکور جیسا ہو ویسا ہی رہتا ہے لیکن معنی میں یہ عمل کرتا ہے کہ مثبت کو منفی کردیتا ہے۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا فَعَلَ | نہ کیا اس ایک مرد نے | گذشتہ میں | واحد | مذکر | غائب | نفی فعل ماضی معروف |
| مَا فَعَلَا | نہ کیا ان دو مردوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| مَا فَعَلُوْا | نہ کیا ان سب مردوں نے | ″ | جمع | | | |
| مَا فَعَلَتْ | نہ کیا اس ایک عورت نے | ″ | واحد | مؤنث | | |
| مَا فَعَلَتَا | نہ کیا ان دو عورتوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| مَا فَعَلْنَ | نہ کیا ان سب عورتوں نے | ″ | جمع | | | |
| مَا فَعَلْتَ | نہ کیا تجھ ایک مرد نے | ″ | واحد | مذکر | حاضر | |
| مَا فَعَلْتُمَا | نہ کیا تم دو مردوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| مَا فَعَلْتُمْ | نہ کیا تم سب مردوں نے | ″ | جمع | | | |
| مَا فَعَلْتِ | نہ کیا تجھ ایک عورت نے | ″ | واحد | مؤنث | | |
| مَا فَعَلْتُمَا | نہ کیا تم دو عورتوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| مَا فَعَلْتُنَّ | نہ کیا تم سب عورتوں نے | ″ | جمع | | | |
| مَا فَعَلْتُ | نہ کیا میں ایک مرد یا میں ایک عورت نے | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| مَا فَعَلْنَا | نہ کیا ہم دو مردوں یا ہم دو عورتوں نے یا ہم سب مردوں یا ہم سب عورتوں نے | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا فُعِلَ | نہ کیا گیا وہ ایک مرد | گذشتہ میں | واحد | مذکر | غائب | بحث نفی فعل ماضی مجہول |
| مَا فُعِلَا | نہ کئے گئے وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| مَا فُعِلُوْا | نہ کئے گئے وہ سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| مَا فُعِلَتْ | نہ کی گئی وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| مَا فُعِلَتَا | نہ کی گئیں وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| مَا فُعِلْنَ | نہ کی گئیں وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| مَا فُعِلْتَ | نہ کیا گیا تو ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | حاضر | |
| مَا فُعِلْتُمَا | نہ کئے گئے تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| مَا فُعِلْتُمْ | نہ کئے گئے تم سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| مَا فُعِلْتِ | نہ کی گئی تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| مَا فُعِلْتُمَا | نہ کی گئیں تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| مَا فُعِلْتُنَّ | نہ کی گئیں تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| مَا فُعِلْتُ | نہ کیا گیا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| مَا فُعِلْنَا | نہ کئے گئے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

**فصل (۳)** یہ سب جو کہا گیا بحث فعل ماضی کی تھی۔ اگر مضارع بنانا چاہو تو علاماتہائے مضارع میں سے کوئی علامت ماضی کے شروع میں لا کر اس کے آخر کو ضمہ دو

علامت مضارع چار حرف ہیں الف، تَ، یَ، نَ جس کا مجموعہ اتین ہوتا ہے، الف واحد حکایت نفس متکلم کیلئے ہے، تَ آٹھ کلمے کے لئے ہے تین مذکر حاضر کے، تین مؤنث حاضر کے، ۲ دو واحد و تثنیہ

Marfat.com

مؤنث غائب کے ئیؔ چار کلمے کے لئے ہے تین مذکر غائب اور ایک جمع مؤنث غائب کے لئے، نؔ تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حکایت نفس متکلم کے لئے اور سات مقام میں نؔ اعرابی لاو چار تثنیہ جن کے نون اعرابی مکسور ہوتے ہیں دو جمع مذکر غائب و حاضر ایک واحد مؤنث حاضر جن میں نون اعرابی مفتوح ہوتا ہے اور نون جمع مؤنث جیسے کہ ماضی میں آتا ہے ویسے ہی مضارع میں بھی آتا ہے۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَفْعَلُ | کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد | حال یا استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | اثبات فعل مضارع معروف |
| يَفْعَلَانِ | کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| يَفْعَلُوْنَ | کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد | ؍؍ | جمع | | | |
| تَفْعَلُ | کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت | ؍؍ | واحد | مؤنث | | |
| تَفْعَلَانِ | کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| يَفْعَلْنَ | کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں | ؍؍ | جمع | | | |
| تَفْعَلُ | کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد | ؍؍ | واحد | مذکر | حاضر | |
| تَفْعَلَانِ | کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| تَفْعَلُوْنَ | کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد | ؍؍ | جمع | | | |
| تَفْعَلِيْنَ | کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت | ؍؍ | واحد | | | |
| تَفْعَلَانِ | کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| تَفْعَلْنَ | کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں | ؍؍ | جمع | | | |
| أَفْعَلُ | کرتا ہوں یا کروں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ؍؍ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| نَفْعَلُ | کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ؍؍ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

# فصل (٤)

یہ سب جو کہا گیا بحث اثبات فعل مضارع معروف کی تھی۔ اگر مضارع مجہول بنانا چاہو تو علامت مضارع کو ضمہ اور ع کلمہ کو فتح دو، دو حال ہیں اور ل کلمہ کو اس کی حالت پر چھوڑ دو، تو مضارع مجہول بن جائے گا۔

بعض جگہ مضموم یا مکسور ۱۲۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یُفْعَلُ | کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا وہ ایک مرد | حال یا استقبال آئیں | واحد | مذکر | غائب | اثبات فعل مضارع مجہول |
| یُفْعَلَانِ | کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے وہ دو مرد | ″ | تثنیہ | | | |
| یُفْعَلُوْنَ | کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے وہ سب مرد | ″ | جمع | | | |
| تُفْعَلُ | کی جاتی ہے یا کی جائے گی وہ ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | | |
| تُفْعَلَانِ | کی جاتی ہیں یا کی جائیں گی وہ دو عورتیں | ″ | تثنیہ | | | |
| یُفْعَلْنَ | کی جاتی ہیں یا کی جائیں گی وہ سب عورتیں | ″ | جمع | | | |
| تُفْعَلُ | کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا تو ایک مرد | ″ | واحد | مذکر | حاضر | |
| تُفْعَلَانِ | کئے جاتے ہو یا کئے جاؤ گے تم دو مرد | ″ | تثنیہ | | | |
| تُفْعَلُوْنَ | کئے جاتے ہو یا کئے جاؤ گے تم سب مرد | ″ | جمع | | | |
| تُفْعَلِیْنَ | کی جاتی ہے یا کی جائیگی تو ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | | |
| تُفْعَلَانِ | کی جاتی ہو یا کی جاؤ گی تم دو عورتیں | ″ | تثنیہ | | | |
| تُفْعَلْنَ | کی جاتی ہو یا کی جاؤ گی تم سب عورتیں | ″ | جمع | | | |
| اُفْعَلُ | کیا جاتا ہوں یا کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| نُفْعَلُ | کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

# فصل (۵)

یہ سب جو کہا گیا بحث اثبات فعل مضارع مجہول کی تھی اگر نفی بِلَا بنانا چاہو تو مضارع کے اوّل ہیں لَا نفی کا لاؤ اور لَا نفی کا لفظ مضارع ہیں کچھ عمل نہیں کرتا، وہ لفظ جیسا تھا ویسا ہی رہتا ہے لیکن معنی ہیں یہ عمل کرتا ہے کہ مثبت کو منفی کر دیتا ہے۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا یَفْعَلُ | نہیں کرتا ہے یا نہیں کریگا وہ ایک مرد | حال یا استقبال ہیں | واحد | مذکر | غائب | نفی فعل مضارع معروف |
| لَا یَفْعَلَانِ | نہیں کرتے ہیں یا نہیں کرینگے وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَا یَفْعَلُوْنَ | نہیں کرتے ہیں یا نہیں کرینگے وہ سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| لَا تَفْعَلُ | نہیں کرتی ہے یا نہیں کریگی وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| لَا تَفْعَلَانِ | نہیں کرتی ہیں یا نہیں کریں گی وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَا یَفْعَلْنَ | نہیں کرتی ہیں یا نہیں کرینگی وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| لَا تَفْعَلُ | نہیں کرتا ہے یا نہیں کریگا تو ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَا تَفْعَلَانِ | نہیں کرتے ہو یا نہیں کروگے تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَا تَفْعَلُوْنَ | نہیں کرتے ہو یا نہیں کروگے تم سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| لَا تَفْعَلِیْنَ | نہیں کرتی ہے یا نہیں کرے گی تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| لَا تَفْعَلَانِ | نہیں کرتی ہو یا نہیں کروگی تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَا تَفْعَلْنَ | نہیں کرتی ہو یا نہیں کروگی تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| لَا اَفْعَلُ | نہیں کرتا ہوں یا نہیں کروں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَا نَفْعَلُ | نہیں کرتے ہیں یا نہیں کریں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا یُفْعَلُ | نہیں کیا جاتا ہے یا نہیں کیا جائیگا وہ ایک مرد | حال یا استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | نفی فعل مضارع مجہول |
| لَا یُفْعَلَانِ | نہیں کئے جاتے ہیں یا نہیں کئے جائینگے وہ دو مرد | ″ | تثنیہ | | | |
| لَا یُفْعَلُوْنَ | نہیں کئے جاتے ہیں یا نہیں کئے جائینگے وہ سب مرد | ″ | جمع | | | |
| لَا تُفْعَلُ | نہیں کی جاتی ہے یا نہیں کی جائے گی وہ ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | | |
| لَا تُفْعَلَانِ | نہیں کی جاتی ہیں یا نہیں کی جائیں گی وہ دو عورتیں | ″ | تثنیہ | | | |
| لَا یُفْعَلْنَ | نہیں کی جاتی ہیں یا نہیں کی جائیں گی وہ سب عورتیں | ″ | جمع | | | |
| لَا تُفْعَلُ | نہیں کیا جاتا ہے، یا نہیں کیا جائے گا تو ایک مرد | ″ | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَا تُفْعَلَانِ | نہیں کئے جاتے ہو یا نہیں کئے جاؤ گے تم دو مرد | ″ | تثنیہ | | | |
| لَا تُفْعَلُوْنَ | نہیں کئے جاتے ہو یا نہیں کئے جاؤ گے تم سب مرد | ″ | جمع | | | |
| لَا تُفْعَلِیْنَ | نہیں کی جاتی ہے یا نہیں کی جائے گی تو ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | | |
| لَا تُفْعَلَانِ | نہیں کی جاتی ہو یا نہیں کی جاؤ گی تم دو عورتیں | ″ | تثنیہ | | | |
| لَا تُفْعَلْنَ | نہیں کی جاتی ہو یا نہیں کی جاؤ گی تم سب عورتیں | ″ | جمع | | | |
| لَا اُفْعَلُ | نہیں کیا جاتا ہوں یا نہیں کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَا نُفْعَلُ | نہیں کئے جاتے ہیں یا نہیں کئے جائیں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

# فصل (۶)

یہ سب جو کہا گیا بحث نفی فعل مضارع بِلَا کی تھی اگر نفی تاکید بِلَن بنانا چاہو تو لَنْ شروع میں فعل مضارع کے لاؤ۔ اس نفی کو نفی تاکید بِلَن کہتے ہیں لَنْ فعل مستقبل کے ان پانچ مقام میں نصب کرتا ہے واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، دو صیغہ حکایت نفس متکلم اور سات مقام سے نون اعرابی کو گراتا ہے، چار تثنیہ، دو جمع مذکر غائب حاضر ایک واحد مؤنث حاضر اور دو کلمہ یعنی جمع مؤنث غائب وحاضر کے لفظ میں کچھ عمل نہیں کرتا اور لَنْ مضارع کو بمعنی مستقبل منفی کے کر دیتا ہے۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنْ یَّفْعَلَ | ہرگز نہیں کرے گا وہ ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف |
| لَنْ یَّفْعَلَا | ہرگز نہیں کریں گے وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَنْ یَّفْعَلُوْا | ہرگز نہیں کریں گے وہ سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| لَنْ تَفْعَلَ | ہرگز نہیں کرے گی وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| لَنْ تَفْعَلَا | ہرگز نہیں کریں گی وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَنْ یَّفْعَلْنَ | ہرگز نہیں کریں گی وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| لَنْ تَفْعَلَ | ہرگز نہیں کرے گا تو ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَنْ تَفْعَلَا | ہرگز نہیں کرو گے تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَنْ تَفْعَلُوْا | ہرگز نہیں کرو گے تم سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| لَنْ تَفْعَلِیْ | ہرگز نہیں کرے گی تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| لَنْ تَفْعَلَا | ہرگز نہیں کرو گی تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَنْ تَفْعَلْنَ | ہرگز نہیں کرو گی تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| لَنْ اَفْعَلَ | ہرگز نہیں کروں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَنْ نَّفْعَلَ | ہرگز نہیں کریں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنْ یُّفْعَلَ | ہرگز نہیں کیا جائیگا وہ ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | نفی تاکید بلن در فعل مستقبل مجہول |
| لَنْ یُّفْعَلَا | ہرگز نہیں کیے جائیں گے وہ دو مرد | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| لَنْ یُّفْعَلُوْا | ہرگز نہیں کیے جائیں گے وہ سب مرد | ؍؍ | جمع | | | |
| لَنْ تُفْعَلَ | ہرگز نہیں کی جائے گی وہ ایک عورت | ؍؍ | واحد | مؤنث | | |
| لَنْ تُفْعَلَا | ہرگز نہیں کی جائیں گی وہ دو عورتیں | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| لَنْ یُّفْعَلْنَ | ہرگز نہیں کی جائیں گی وہ سب عورتیں | ؍؍ | جمع | | | |
| لَنْ تُفْعَلَ | ہرگز نہیں کیا جائے گا تو ایک مرد | ؍؍ | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَنْ تُفْعَلَا | ہرگز نہیں کئے جاؤ گے تم دو مرد | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| لَنْ تُفْعَلُوْا | ہرگز نہیں کیے جاؤ گے تم سب مرد | ؍؍ | جمع | | | |
| لَنْ تُفْعَلِیْ | ہرگز نہیں کی جائے گی تو ایک عورت | ؍؍ | واحد | مؤنث | | |
| لَنْ تُفْعَلَا | ہرگز نہیں کی جاؤ گی تم دو عورتیں | ؍؍ | تثنیہ | | | |
| لَنْ تُفْعَلْنَ | ہرگز نہیں کی جاؤ گی تم سب عورتیں | ؍؍ | جمع | | | |
| لَنْ اُفْعَلَ | ہرگز نہیں کیا جاؤنگا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ؍؍ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَنْ نُفْعَلَ | ہرگز نہیں کئے جائیں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ؍؍ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

**فصل (۷)** یہ سب جو کہا گیا بحث نفی تاکید بلن در فعل مستقبل کی تھی اگر نفی جحد بلم بنانا چاہو تو فعل مضارع کے شروع میں لَمْ لاؤ اور اس کو نفی جحد بلم کہتے ہیں اور لَمْ فعل مضارع کے پانچ مقام میں جزم کرتا ہے اگر اسکے آخر میں حرف علت نہ ہو اور ہو تو اس کو گرا دیتا ہے جیسے لَمْ يَدْعُ لَمْ يَرْمِ لَمْ يَخْشَ حرف علت تین ہیں و ا ی جس کا مجموعہ وای ہے اور وہ پانچ مقام یہ ہیں واحد مذکر غائب واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر دو کلمہ حکایت نفس متکلم کے اور سات مقام سے نون اعرابی کو گراتا ہے چار تثنیہ دو جمع مذکر غائب و حاضر ایک واحد مؤنث حاضر اور دو لفظ میں کچھ عمل نہیں کرتا یعنی جمع مؤنث غائب و حاضر اور جملہ کلمات کے معنی میں عمل کرتا ہے یعنی صیغہ فعل مضارع کو بمعنی ماضی منفی کے کر دیتا ہے۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ يَفْعَلْ | نہ کیا اس ایک مرد نے | گذشتہ میں | واحد | مذکر | غائب | نفی جحد بلم جازم در فعل مستقبل معروف |
| لَمْ يَفْعَلَا | نہ کیا ان دو مردوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| لَمْ يَفْعَلُوْا | نہ کیا ان سب مردوں نے | ″ | جمع | | | |
| لَمْ تَفْعَلْ | نہ کیا اس ایک عورت نے | ″ | واحد | مؤنث | | |
| لَمْ تَفْعَلَا | نہ کیا ان دو عورتوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| لَمْ يَفْعَلْنَ | نہ کیا ان سب عورتوں نے | ″ | جمع | | | |
| لَمْ تَفْعَلْ | نہ کیا تو ایک مرد نے | ″ | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَمْ تَفْعَلَا | نہ کیا تم دو مردوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| لَمْ تَفْعَلُوْا | نہ کیا تم سب مردوں نے | ″ | جمع | | | |
| لَمْ تَفْعَلِيْ | نہ کیا تو ایک عورت نے | ″ | واحد | مؤنث | | |
| لَمْ تَفْعَلَا | نہ کیا تم دو عورتوں نے | ″ | تثنیہ | | | |
| لَمْ تَفْعَلْنَ | نہ کیا تم سب عورتوں نے | ″ | جمع | | | |
| لَمْ أَفْعَلْ | نہ کیا میں ایک مرد یا ایک عورت نے | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَمْ نَفْعَلْ | نہ کیا ہم دو مردوں یا دو عورتوں یا ہم سب مردوں یا ہم سب عورتوں نے | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ يُفْعَلْ | نہ کیا گیا وہ ایک مرد | گذشتہ میں | واحد | مذکر | غائب | نفی جحد بلم در فعل مستقبل مجہول |
| لَمْ يُفْعَلَا | نہ کیے گئے وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَمْ يُفْعَلُوْا | نہ کیے گئے وہ سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| لَمْ تُفْعَلْ | نہ کی گئی وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| لَمْ تُفْعَلَا | نہ کی گئیں وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَمْ يُفْعَلْنَ | نہ کی گئیں وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| لَمْ تُفْعَلْ | نہ کیا گیا تو ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَمْ تُفْعَلَا | نہ کیے گئے تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَمْ تُفْعَلُوْا | نہ کیے گئے تم سب مرد | 〃 | جمع | | | |
| لَمْ تُفْعَلِیْ | نہ کی گئی تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | | |
| لَمْ تُفْعَلَا | نہ کی گئیں تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | | |
| لَمْ تُفْعَلْنَ | نہ کی گئیں تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | | |
| لَمْ اُفْعَلْ | نہ کیا گیا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَمْ نُفْعَلْ | نہ کیے گئے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

# فصل (٨)

یہ سب جو کہا گیا بحث نفی جحد بلم در فعل مستقبل کی تھی۔ اگر لام تاکید با نون تاکید بنانا چاہو تو لام تاکید فعل مستقبل کے شروع میں لاکر نون تاکید اس کے آخر میں بڑھاؤ اور لام تاکید ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ نون تاکید دو[٢] ہیں۔ ایک[١] ثقیلہ یعنی مشدد، دوسرا[٢] خفیفہ یعنی ساکن، اور نون ثقیلہ چودہ[١٤] کلموں میں اور خفیفہ آٹھ[٨] کلموں میں آتا ہے۔ ماقبل نون ثقیلہ کا پانچ مقام میں مفتوح ہوتا ہے یعنی واحد[١] مذکر غائب، واحد[٢] مؤنث غائب، واحد[٣] مذکر حاضر اور دو[٤،٥] صیغہ حکایت نفس متکلم کے، اور چھ[٦] مقام میں ماقبل نون ثقیلہ کے الف ہوتا ہے، چار[٤] تثنیہ۔ دو[٢] جمع مؤنث غائب و حاضر اور دو[٢] مقام میں الف فاصل آتا ہے۔ اور جمع مذکر غائب و حاضر میں واؤ دور کرکے ماقبل اس کے ضمہ چھوڑا جاتا ہے تاکہ دلالت کرے حذف واؤ پر اور صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یٰ دور کرکے ماقبل اس کے کسرہ چھوڑا جاتا ہے تاکہ دلالت کرے حذف یٰ پر۔ نون ثقیلہ چھ[٦] مقام میں مکسور ہوتا ہے۔ وہ مقام وہی ہیں جن میں الف آتا ہے اور باقی آٹھ مقام میں مفتوح ہوتا ہے۔ نون خفیفہ جہاں الف ہو نہیں آتا اور باقی مقام میں آتا ہے۔ اور نون اعرابی نون تاکید کے ساتھ جمع نہیں ہوتا ۔

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيَفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کرے گا وہ ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف |
| لَيَفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کریں گے وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | مذکر | غائب | |
| لَيَفْعَلُنَّ | البتہ ضرور کریں گے وہ سب مرد | 〃 | جمع | مذکر | غائب | |
| لَتَفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کرے گی وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | غائب | |
| لَتَفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کریں گی وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | مؤنث | غائب | |
| لَيَفْعَلْنَانِّ | البتہ ضرور کریں گی وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | مؤنث | غائب | |
| لَتَفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کرے گا تو ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَتَفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کروگے تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | مذکر | حاضر | |
| لَتَفْعَلُنَّ | البتہ ضرور کروگے تم سب مرد | 〃 | جمع | مذکر | حاضر | |
| لَتَفْعَلِنَّ | البتہ ضرور کرے گی تو ایک عورت | 〃 | واحد | | حاضر | |
| لَتَفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کروگی تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | حاضر | |
| لَتَفْعَلْنَانِّ | البتہ ضرور کروگی تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | حاضر | |
| لَأَفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کروں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَنَفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کریں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | متکلم | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَیُفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کیا جائے گا وہ ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل مجہول |
| لَیُفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کئے جائیں گے وہ دو مرد | " | تثنیہ | مذکر | غائب | |
| لَیُفْعَلُنَّ | البتہ ضرور کئے جائیں گے وہ سب مرد | " | جمع | مذکر | غائب | |
| لَتُفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کی جائے گی وہ ایک عورت | " | واحد | مؤنث | غائب | |
| لَتُفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کی جائیں گی وہ دو عورتیں | " | تثنیہ | مؤنث | غائب | |
| لَیُفْعَلْنَانِّ | البتہ ضرور کی جائیں گی وہ سب عورتیں | " | جمع | مؤنث | غائب | |
| لَتُفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کیا جائے گا تو ایک مرد | " | واحد | مذکر | حاضر | |
| لَتُفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کئے جاؤ گے تم دو مرد | " | تثنیہ | مذکر | حاضر | |
| لَتُفْعَلُنَّ | البتہ ضرور کئے جاؤ گے تم سب مرد | " | جمع | مذکر | حاضر | |
| لَتُفْعَلِنَّ | البتہ ضرور کی جائے گی تو ایک عورت | " | واحد | مؤنث | حاضر | |
| لَتُفْعَلَانِّ | البتہ ضرور کی جاؤ گی تم دو عورتیں | " | تثنیہ | مؤنث | حاضر | |
| لَتُفْعَلْنَانِّ | البتہ ضرور کی جاؤ گی تم سب عورتیں | " | جمع | مؤنث | حاضر | |
| لَاُفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | " | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَنُفْعَلَنَّ | البتہ ضرور کئے جائیں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | " | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | متکلم | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيَفْعَلَنْ | البتہ ضرور کرے گا وہ ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | اثبات لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مستقبل معروف |
| . | . | . | . | | | |
| لَيَفْعَلُنْ | البتہ ضرور کریں گے وہ سب مرد | ″ | جمع | | | |
| لَتَفْعَلَنْ | البتہ ضرور کرے گی وہ ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | | |
| . | . | . | . | | | |
| . | . | . | . | | | |
| لَتَفْعَلَنْ | البتہ ضرور کرے گا تو ایک مرد | ″ | واحد | مذکر | حاضر | |
| . | . | . | . | | | |
| لَتَفْعَلُنْ | البتہ ضرور کرو گے تم سب مرد | ″ | جمع | | | |
| لَتَفْعَلِنْ | البتہ ضرور کرے گی تو ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | | |
| . | . | . | . | | | |
| . | . | . | . | | | |
| لَاَفْعَلَنْ | البتہ ضرور کروں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَنَفْعَلَنْ | البتہ ضرور کریں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَیُفْعَلَنْ | البتہ ضرور کیا جائیگا وہ ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | غائب | لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مستقبل مجہول |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | | |
| لَیُفْعَلُنْ | البتہ ضرور کیئے جائینگے وہ سب مرد | ״ | جمع | | | |
| لَتُفْعَلَنْ | البتہ ضرور کی جائے گی وہ ایک عورت | ״ | واحد | مؤنث | | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | | |
| لَتُفْعَلَنْ | البتہ ضرور کیا جائے گا تو ایک مرد | ״ | واحد | مذکر | حاضر | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | | |
| لَتُفْعَلُنْ | البتہ ضرور کیئے جاؤگے تم سب مرد | ״ | جمع | | | |
| لَتُفْعَلِنْ | البتہ ضرور کی جائے گی تو ایک عورت | ״ | واحد | مؤنث | | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | | |
| لَاُفْعَلَنْ | البتہ ضرور کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ״ | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم | |
| لَنُفْعَلَنْ | البتہ ضرور کیئے جائیں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ״ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | | |

# فصل (۹)

یہ سب جو کہا گیا بحث فعل مستقبل با نون ثقیلہ و خفیفہ کی تھی، اگر امر بنانا چاہو تو امر بنایا جاتا ہے فعل مضارع سے۔ امر غائب مضارع غائب سے۔ حاضر حاضر سے، متکلم متکلم سے، معروف معروف سے، مجہول مجہول سے۔ اگر امر حاضر معروف بنانا چاہو تو علامتِ مضارع کو حذف کر کے دیکھو کر فا کلمہ متحرک رہتا ہے یا ساکن، اگر متحرک رہتا ہے تو آخر کو ساکن کر دو بشرطیکہ آخر میں حرفِ علت نہ ہو جیسے تَعِدُ سے عِدْ۔ تَضَعُ سے ضَعْ۔ اور اگر حرفِ علت ہو تو گر جاتا ہے جیسے تَقِيْ سے قِ اور اگر فا کلمہ ساکن رہتا ہے تو ع کلمہ کو دیکھو اگر ع کلمہ مکسور یا مفتوح ہو تو اس کے شروع میں ہمزۂ وصل مکسور لا کر آخر کو ساکن کر دو بشرطیکہ حرفِ علت نہ ہو جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ۔ تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔ اور اگر آخر میں حرفِ علت ہو تو گر جاتا ہے جیسے تَرْمِيْ سے اِرْمِ اور تَخْشٰى سے اِخْشَ اگر ع کلمہ مضموم ہو تو اس کے اوّل میں ہمزۂ وصل لا کر آخر کو ساکن کر دو بشرطیکہ آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ۔ اور اگر آخر میں حرفِ علت ہو تو گر جاتا ہے جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ اگر امر حاضر مجہول و امر غائب معروف یا مجہول بنانا چاہو تو لام امر مکسور اس کے اوّل میں لا کر آخر کو جزم دو بشرطیکہ آخر میں حرفِ علت نہ ہو۔ اور اگر ہو تو گر جاتا ہے جیسے لِيَدْعُ۔ لِيَرْمِ۔ لِيَخْشَ۔ نون تاکید جس طرح مضارع میں آتا ہے امر میں بھی آتا ہے اور امر میں نون اعرابی بھی ساقط ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|
| اِفْعُلْ | کر تو ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | امر حاضر معروف |
| اُفْعُلَا | کرو تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | | |
| اُفْعُلُوْا | کرو تم سب مرد | 〃 | جمع | | |
| اُفْعُلِیْ | کر تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | |
| اُفْعُلَا | کرو تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | |
| اُفْعُلْنَ | کرو تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | |
| لِیَفْعُلْ | چاہئے کہ کرے وہ ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | امر غائب معروف |
| لِیَفْعُلَا | چاہئے کہ کریں وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | | |
| لِیَفْعُلُوْا | چاہئے کہ کریں وہ سب مرد | 〃 | جمع | | |
| لِتَفْعُلْ | چاہئے کہ کرے وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | |
| لِتَفْعُلَا | چاہئے کہ کریں وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | |
| لِیَفْعُلْنَ | چاہئے کہ کریں وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | | |
| لِاَفْعُلْ | چاہئے کہ کروں میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | امر متکلم معروف |
| لِنَفْعُلْ | چاہئے کہ کریں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | |

60/39

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|
| لِتُفْعَلْ | چاہئے کہ کیا جائے تو ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | امر حاضر مجہول |
| لِتُفْعَلَا | چاہئے کہ کئے جاؤ تم دو مرد | ″ | تثنیہ | | |
| لِتُفْعَلُوْا | چاہئے کہ کئے جاؤ تم سب مرد | ″ | جمع | | |
| لِتُفْعَلِیْ | چاہئے کہ کی جائے تو ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | |
| لِتُفْعَلَا | چاہئے کہ کی جاؤ تم دو عورتیں | ″ | تثنیہ | | |
| لِتُفْعَلْنَ | چاہئے کہ کی جاؤ تم سب عورتیں | ″ | جمع | | |
| لِیُفْعَلْ | چاہئے کہ کیا جائے وہ ایک مرد | ″ | واحد | مذکر | امر غائب مجہول |
| لِیُفْعَلَا | چاہئے کہ کئے جائیں وہ دو مرد | ″ | تثنیہ | | |
| لِیُفْعَلُوْا | چاہئے کہ کئے جائیں وہ سب مرد | ″ | جمع | | |
| لِتُفْعَلْ | چاہئے کہ کی جائے وہ ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | |
| لِتُفْعَلَا | چاہئے کہ کی جائیں وہ دو عورتیں | ″ | تثنیہ | | |
| لِیُفْعَلْنَ | چاہئے کہ کی جائیں وہ سب عورتیں | ″ | جمع | | |
| لِاُفْعَلْ | چاہئے کہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | امر متکلم مجہول |
| لِنُفْعَلْ | چاہئے کہ کئے جائیں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|
| اِفْعَلَنَّ | البتہ کر توع ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | امر حاضر معروف بانون ثقیلہ |
| اِفْعَلَانِّ | البتہ کرو تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | مذکر | امر حاضر معروف بانون ثقیلہ |
| اِفْعَلُنَّ | البتہ کرو تم سب مرد | 〃 | جمع | مذکر | امر حاضر معروف بانون ثقیلہ |
| اِفْعَلِنَّ | البتہ کر تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | امر حاضر معروف بانون ثقیلہ |
| اِفْعَلَانِّ | البتہ کرو تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | مؤنث | امر حاضر معروف بانون ثقیلہ |
| اِفْعَلْنَانِّ | البتہ کرو تم سب عورتیں | 〃 | جمع | مؤنث | امر حاضر معروف بانون ثقیلہ |
| لِيَفْعَلَنَّ | البتہ چاہیے کہ کرے وہ ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | امر غائب معروف بانون ثقیلہ |
| لِيَفْعَلَانِّ | البتہ چاہیے کہ کریں وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | مذکر | امر غائب معروف بانون ثقیلہ |
| لِيَفْعَلُنَّ | البتہ چاہیے کہ کریں وہ سب مرد | 〃 | جمع | مذکر | امر غائب معروف بانون ثقیلہ |
| لِتَفْعَلَنَّ | البتہ چاہیے کہ کرے وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | امر غائب معروف بانون ثقیلہ |
| لِتَفْعَلَانِّ | البتہ چاہیے کہ کریں وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | مؤنث | امر غائب معروف بانون ثقیلہ |
| لِيَفْعَلْنَانِّ | البتہ چاہیے کہ کریں وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | مؤنث | امر غائب معروف بانون ثقیلہ |
| لِأَفْعَلَنَّ | البتہ چاہیے کہ کروں میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | امر متکلم معروف بانون ثقیلہ |
| لِنَفْعَلَنَّ | البتہ چاہیے کہ کریں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | امر متکلم معروف بانون ثقیلہ |

ع اس کا فصیح ترجمہ یہ ہے "ضرور کر تو ایک مرد" اسی طرح سے باقی صیغے ۱۲

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | صیغہ | بحث |
|---|---|---|---|---|---|
| لِتُفْعَلَنَّ | البتہ چاہیئے کہ کیا جائے تو ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | امر حاضر مجہول بانون ثقیلہ |
| لِتُفْعَلَانِّ | البتہ چاہیئے کہ کیئے جاؤ تم دو مرد | 〃 | تثنیہ | | |
| لِتُفْعَلُنَّ | البتہ چاہیئے کہ کیئے جاؤ تم سب مرد | 〃 | جمع | | |
| لِتُفْعَلِنَّ | البتہ چاہیئے کہ کی جائے تو ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | |
| لِتُفْعَلَانِّ | البتہ چاہیئے کہ کی جاؤ تم دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | |
| لِتُفْعَلْنَانِّ | البتہ چاہیئے کہ کی جاؤ تم سب عورتیں | 〃 | جمع | | |
| لِيُفْعَلَنَّ | البتہ چاہیئے کہ کیا جائے وہ ایک مرد | 〃 | واحد | مذکر | امر غائب مجہول بانون ثقیلہ |
| لِيُفْعَلَانِّ | البتہ چاہیئے کہ کیئے جائیں وہ دو مرد | 〃 | تثنیہ | | |
| لِيُفْعَلُنَّ | البتہ چاہیئے کہ کیئے جائیں وہ سب مرد | 〃 | جمع | | |
| لِتُفْعَلَنَّ | البتہ چاہیئے کہ کی جائے وہ ایک عورت | 〃 | واحد | مؤنث | |
| لِتُفْعَلَانِّ | البتہ چاہیئے کہ کی جائیں وہ دو عورتیں | 〃 | تثنیہ | | |
| لِيُفْعَلْنَانِّ | البتہ چاہیئے کہ کی جائیں وہ سب عورتیں | 〃 | جمع | | |
| لِأُفْعَلَنَّ | البتہ چاہیئے کہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا میں ایک عورت | 〃 | واحد | مذکر و مؤنث | امر متکلم مجہول بانون ثقیلہ |
| لِنُفْعَلَنَّ | البتہ چاہیئے کہ کیئے جائیں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | 〃 | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|
| اِفْعَلَنْ | البتہ کر تو ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | امر حاضر معروف بانون خفیفہ |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | |
| اِفْعَلُنْ | البتہ کرو تم سب مرد | ″ | جمع | | |
| اِفْعَلِنْ | البتہ کر تو ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | |
| لِيَفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کرے وہ ایک مرد | ″ | واحد | مذکر | امر غائب معروف بانون خفیفہ |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | |
| لِيَفْعَلُنْ | البتہ چاہیے کہ کریں وہ سب مرد | ″ | جمع | | |
| لِتَفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کرے وہ ایک عورت | ″ | واحد | مؤنث | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | |
| ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | | |
| لِاَفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کروں میں ایک مرد یا میں ایک عورت | ″ | واحد | مذکر و مؤنث | امر متکلم معروف بانون خفیفہ |
| لِنَفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کریں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | ″ | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | |

Marfat.com

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|
| لَتُفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کیا جائے تو ایک مرد | استقبال میں | واحد | مذکر | امر حاضر مجہول بانون خفیفہ |
| . | . | . | . | | |
| لَتُفْعَلُنْ | البتہ چاہیے کہ کیئے جاؤ تم سب مرد | " | جمع | | |
| لِتُفْعَلِنْ | البتہ چاہیے کہ کی جائے تو ایک عورت | " | واحد | مؤنث | |
| . | . | . | . | | |
| . | . | . | . | | |
| لِيُفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کیا جائے وہ ایک مرد | " | واحد | مذکر | امر غائب مجہول بانون خفیفہ |
| . | . | . | . | | |
| لِيُفْعَلُنْ | البتہ چاہیے کہ کیئے جائیں وہ سب مرد | " | جمع | | |
| لِتُفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کی جائے وہ ایک عورت | " | واحد | مؤنث | |
| . | . | . | . | | |
| . | . | . | . | | |
| لِاُفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا میں ایک عورت | " | واحد | مذکر و مؤنث | امر متکلم مجہول بانون خفیفہ |
| لِنُفْعَلَنْ | البتہ چاہیے کہ کیئے جائیں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں | " | تثنیہ و جمع | مذکر و مؤنث | |

Marfat.com

**فصل ۱۰:** یہ سب جو کہا گیا بحث امر کی تھی اگر نہی بنانا چاہو تو لَا نہی کا فعل مستقبل کے شروع میں لاؤ اور لَا نہی کا آخر فعل مستقبل کے پانچ مقام میں مثل لَمْ کے جزم کرتا ہے اگر اس کے آخر میں حرف علت نہ ہو اور اگر آخر میں حرف علت ہو تو گر جاتا ہے۔ جیسے لَا تَدْعُ۔ لَا تَرْمِ لَا تَخْشَ اور سات مقام میں نون اعرابی کو بھی گراتا ہے اور دو لفظ یعنی جمع مؤنث غائب و حاضر میں کچھ عمل نہیں کرتا اور نون تاکید جیسا مضارع میں آتا ہے ویسا ہی نہی میں بھی آتا ہے۔

| گردان | معنی | زمانہ | صیغہ | | بحث |
|---|---|---|---|---|---|
